





دوا نہیں اسرائیلی زہر، والدین کا بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار


By: Samaa Web Desk | صحت | September 22, 2017







کراچی میں والدین کا بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے صاف انکار، رضا کاروں کے ساتھ سینہ زوری پر اُتر آئے، نت نئی تاویلیں پیش کرتے ہوئے کہہ دیا ماں باپ اپنے بچوں کا برا نہیں سوچ سکتے۔

کراچی میں پولیو رضا کاروں کیلئے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا مشکل ہوگیا، پولیس اور انتظامیہ کی موجودگی میں شہری تاویلیں پیش کرنے لگے، کہتے ہیں یہ قطرے نہیں زہر ہے، اسرائیل سے آیا ہے، تم لوگ مسلمانوں کی نسل کشی کررہے ہو۔

حال ہی میں پولیو ٹاسک فورس کی طرف سے جاری

حال ہی میں پولیو ٹاسک فورس کی طرف سے جاری رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ شہر میں 25 ہزار والدین نے اپنے بچوں کو قطرے پلانے سے انکار کیا، صرف ضلع شرقی میں یہ تعداد 12 ہزار تھی۔

رپورٹ کے مطابق کراچی کے 7 مقامات سے حاصل نمونوں میں پولیو وائرس کا انکشاف ہوا ہے جبکہ 10 ماہ بعد گلشن اقبال میں پولیو کیس بھی رپورٹ ہوا ہے۔ سماء

